# 11-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مادری زبان کے ساتھ ساتھ ہماری قومی زبان ہندی کو سیکھنا کافی سودمند ہے لیکن بعض پارٹیاں سیاست کیلئے ہندی کی مخالفت کررہے ہیں۔

۲۔ریاستی وزیر پنچایت راج سیتااکا نے کہا ہے کہ اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت قریب افراد کیلئے ذاتی مکان کا خواب شرمندہ تعبیر کرنا ہی ریاستی حکومت کا مقصد ہے۔

۴۔ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ نئے راشن کارڈس کی تقسیم کا عمل اس مہینہ کی 14 تاریخ کو ضلع سوریہ پیٹ کے ترمل گری سے چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہاتھوں شروع ہوگا۔

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے ریاست میں پانچ دنوں تک بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

## Mahesh Kumar Goud

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے سربراہ مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ بی سی طبقہ کو42 فیصد تحفظات پر عمل آوری ریاستی حکومت کا تاریخی فیصلہ ہے۔انہوں نے انکشاف کیا کہ اس فیصلہ کے پیچھے کھرگے اور راہول گاندھی کی توقعات وابستہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے ایک بار پھر یہ ثابت کیا ہے کہ ان کی پارٹی کے ذریعہ ہی سماجی انصاف ممکن ہے۔مہیش کمار گوڑ نے بی سی ریزرویشن کے موضوع پر رکن قانون ساز کونسل کویتا کی جانب سے تلنگانہ جاگروتی کی کامیابی قرار دینے پر اعتراض جتایا ہے۔

## MLC Kavitha

بی آر ایس رکن قانون ساز کونسل کویتا نے بی سی ریزرویشن سے متعلق ریاستی حکومت کی جانب سے آرڈننس لانے کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تلنگانہ جاگروتی کی کامیابی ہے۔کویتا نے بتایا کہ حکومت کے اعلان کے تناظر میں اس مہینہ کی 17 تاریخ کو ریل روکو احتجاج ملتوی کیا جارہا ہے۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت کی جانب سے عوام سے کئے گئے وعدوں سے توجہ منتشر کرنے تحفظات پر سیاست کی جارہی ہے۔

Jubilee Hills CC Road

جوبلی ہلزحلقہ میں آج پانچ کروڑ سے زائد تخمینہ لاگت کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا گیا اور افتتاح عمل میں آیا۔اس پروگرام میں ریاستی وزرا پونم پربھاکر، وویک وینکٹ سوامی، ٹی ناگیشور راؤ نے شرکت کی۔ریاستی وزرا نے یوسف گوڑہ سرکل پر وینگل راؤ نگر سی سی روڈ کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر پونم پربھاکر نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں تمام مسائل کی یکسوئی کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ تشکیل تلنگانہ کے بعد شہر حیدرآباد میں بستیوں اور کالونیوں میں ترقیاتی کام نہیں ہوئے۔انہوں نے مزید کہا کہ شہر حیدرآباد کے حلقوں کی ترقی کیلئے منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔

Raja Singh

بھارتیہ جنتا پارٹی نے گوشہ محل کے رکن اسمبلی راجہ سنگھ کے استعفیٰ کو منظور کرلیا ہے۔پارٹی کے قومی صدر جے پی نڈا کی ہدایت پران کا استعفیٰ منظور کیا گیا۔بی جے پی کے جنرل سکریٹری ارون سنگھ نے اس سلسلہ میں بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ فوری نافذ العمل ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ پارٹی کارکن ریاست میں بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے خواہشمند ہیں اورعوامی خدمت کیلئے سناتن دھرم کے تحفظ کیلئے انتھک جدوجہد کی جائے گی۔ راجہ سنگھ نے ان پر یقین کرتے ہوئے تین مرتبہ ایم ایل اے کا ٹکٹ دینے پر بی جے پی کی اعلیٰ قیادت کا شکریہ ادا کیا۔

Medak

ضلع کلکٹر راہول راج نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ موسم برسات کے آغاز کے پیش نظر ضلع بھر میں سینی ٹیشن کے کام جامع طور پر کروائے جائیں۔نالوں کی صاف کے علاوہ مچھروں سے حفاظت کیلئے فاگنگ کا عمل انجام دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ موسمی امراض کے پیش نظر قبل از وقت اقدامات کئے جائیں۔ڈینگو، چکن گنیا، ملیریا جیسے امراض سے عوام کو محفوظ رکھنے کے لئے عملہ دستیاب رہے اور نگرانی کا عمل انجام دیا جائے۔ضلع کلکٹر نے یہ بھی کہا کہ فرائی ڈے کو مسلسل ڈرائی ڈے کے طور پر منایا جائے۔

vivek venkataswamy

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے مشورہ دیا ہے کہ پراناہیتا گوداوری میں سیلاب کے پانی کے بہاؤ کے پیش نظر اطراف واکناف کے عوام چوکس رہیں۔ پراناہیتا ندی کے بالائی علاقوں میں آرہے سیلاب کے پانی کی وجہ ضلع منچریال کے الوگام، ارجنا گٹہ، انارم، مواضعات میں سیلاب کا اثر دیکھا جارہا ہے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر ضلعی مشنری دستیاب رہے اور ہلپ لائن کی خدمات کا استعمال کرنے کی بھی انہوں نے تجویز پیش کی۔ ریاستی وزیر نے ضلع کلکٹر کمار دیپک کو ہدایت دی کہ پراناہیتا میں سیلاب کے پانی کے بہاؤ کے پیش نظر صورتحال پر نظر رکھی جائے۔ انہوں نے آکاشوانی کو بتایا کہ ریونیو، پولیس اور مختلف محکموں کے عہدیداروں کو عوام کے لئے دستیاب رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

Sound Byte.

Mancherial

منچریال ضلع کلکٹر کمار دیپک نے کہا ہے کہ آفاتِ سماوی سے عوام کو محفوظ رکھنے کے لئے قبل از وقت اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے آج کوٹا پلی منڈل کے سیرسا، ویمنا پلی منڈل کے راچرلہ موضع میں زبردست بارش کی وجہ سے پیدا شدہ سیلاب کی صورتحال کا عہدیداروں کے ساتھ جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمار دیپک نے کہا کہ مسلسل بارش کے پیش نظر عوام کو سہولت فراہم کرنے ضلع کلکٹریٹ میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔

mantri seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ آدی واسی گریجن خواتین کو روزگار فراہم کرنے کے مقصد سے ضلع ملگ میں کئی پروگرامس پر عمل آوری کی جارہی ہے۔ انہوں نے رین اسٹانڈ رضا کارانہ تنظیم کے ذریعہ ضلع ملگ کے گووندا راؤ پیٹ منڈل کے موٹلا گوڑم موضع میں استاری کی تیاری کے مرکز کا افتتاح کیا۔ بعدازاں انہوں نے میڈارم میں شری سمکا سارالماں اماوری کے درشن کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی میڈارم کی ترقی پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں۔ اگلی میڈارم جاترا کیلئے 1200 کروڑ کی تخمینہ لاگت کی رپورٹ ضلع کلکٹر نے روانہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عنقریب میڈارم میں مستقل تعمیرات اور ترقیاتی کام کئے جائیں گے۔

Warangal

ورنگل ضلع کلکٹرڈاکٹرستیہ شاردھانے کہا کہ زائدآبادی سے ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ان کی قیادت میں آج عالمی یوم آبادی کے موقع پر ورنگل کلکٹریٹ میں ایک تقریب کا انعقادعمل میں آیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ آبادی پر قابو پانے کی ضرورت کے سلسلہ میں عوام میں شعور بیداری لائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آبادی اگر کنٹرول میں نہ ہوتو آنے والی نسلوں کو بنیادی سہولیات،صحت کے مسائل درپیش ہوسکتے ہیں۔ساتھ ہی اس کے اثرات تعلیمی وسائل،ملازمت کے مواقع وغیرہ پر بھی اثرانداز ہوسکتے ہیں۔

Nalgonda Minister Uttam

ریاستی وزیراتم کمارریڈی نے کہا ہے کہ نئے راشن کارڈس کی تقسیم کاعمل اس مہینہ کی 14 تاریخ کوضلع سوریہ پیٹ کے ترمل گری سے چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہاتھوں شروع ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سابق کی طرح دوطرح کے کارڈس دئے جائیں گے۔تمام مستحق افرادکوکارڈس حوالہ کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ تقریباً پانچ لاکھ نئے راشن کارڈس اہل افرادکوحوالہ کئے جائیں گے۔راشن کارڈس کی اجرائی کاعمل مسلسل جاری رہے گا۔تاحال 13 ہزارکروڑکی لاگت سے 3.10 کروڑافرادکوباریک چاول سربراہ کئے جارہے ہیں۔

seethakka Indiramma illu

ریاستی وزیرپنچایت راج سیتااکا نے کہا ہے کہ اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت قریب افرادکیلئے ذاتی مکان کا خواب شرمندہ تعبیر کرنا ہی ریاستی حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے آج ملگ میں اندراماں مکانات کی تعمیر کے کاموں کا سنگ بنیادرکھا۔ریاستی وزیرنے بتایا کہ خواتین اورغریب خاندانوں کے مستقبل کیلئے اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کا آغازکیاگیاہےاوران کے معیارِزندگی کوبہتر بنایاجارہاہے۔

Kishan Reddy - Dakshin Samvad

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا ہے کہ مادری زبان کے ساتھ ساتھ ہماری قومی زبان ہندی کوسیکھنا کافی سودمند ہے لیکن بعض پارٹیاں سیاست کیلئے ہندی کی مخالفت کررہے ہیں۔انہوں نے گچی باؤلی جی ایم سی بالایوگی انڈور اسٹیڈیم میں راج بھاشادکشن سمواد کے زیرعنوان منعقدہ گولڈن جوبلی تقریب میں شرکت کی۔انہوں نے واضح کیا

کہ ہندی زبان کی مخالفت ترقی میں رکاوٹ کے مماثل ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کو جامع طور پر مضبوط بنانے کیلئے ہندی سیکھنے کی کافی ضرورت ہے۔اس تقریب میں راجیہ سبھا کے ڈپٹی اسپیکر ہری ونش،آندھراپردیش کے ڈپٹی چیف منسٹر پون کلیان بھی شریک تھے۔

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے ریاست میں پانچ دنوں تک بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔آج اور کل عادل آباد، آصف آباد، منچریال،نرمل، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم ،نلگنڈہ اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش کے پیش نظر ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔دیگر مقامات پر بھی موسلا دھار بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

○○